# نویں (۹) جماعت کے طلباء کے حفاظتی ٹیکوں کی پوزیشن
**Immunization status: Grade 9 students**

عزیز طالب علم/والدین/سرپرست/نمائندہ،

**ہم نے طالب علم کے حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ چیک کیا ہے۔ ہمارے ریکارڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کو حفاظتی ٹیکوں کی ضرورت ہے۔**
**We have checked the student’s immunization status. Our records show they need vaccines.**

شیڈول کے مطابق حفاظتی ٹیکے لگوانا آپ کو بہت سی خطرناک بیماریوں سے بچانے کا بہترین طریقہ ہے۔ ہم باقاعدگی سے حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ چیک کرتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ ویکسین کے بارے میں اپ ٹو ڈیٹ رہیں۔

ہم نویں (۹) جماعت کے بچوں کو معمول کے تمام حفاظتی ٹیکے پیش کرتے ہیں۔ یہ آپ کے اسکول میں لگائے جاتے ہیں۔

**براہ کرم درج ذیل مراحل مکمل کریں:**

1. انسلک فارم کا جائزہ لیں جس میں طالب علم کو درکار ٹیکوں کی فہرست دی گئی ہے۔ طالب علم کو اپنے والدین، سرپرست، یا نمائندے سے حفاظتی ٹیکوں کیلئے رضامندی کے بارے میں بات کرنی چاہیے۔
2. ہمارا مشورہ ہے کہ طالب علم والدین سرپرست نمائندہ منسلک فارم پر دستخط کر کے تمام حفاظتی ٹیکوں کیلئے رضامندی دیں۔ اگر طالب علم خود رضامندی کے فارم پر دستخط کرتا ہے، تو حفاظتی ٹیکے لگانے والی نرس طالب علم کی ٹیکے لگوانے پر رضامندی ظاہر کرنے کی صلاحیت کا جائزہ لے گی۔
3. نیچے دیے گئے QR کوڈز کو اسکین کریں اور تجویز کردہ ویکسین کے بارے میں معلومات پڑھیں (ہم صرف وہی ویکسین پیش کرتے ہیں جن کی طالب علم کو ضرورت ہے، جیسا کہ رضامندی کے فارم پر دکھایا گیا ہے)۔

برٹش کولمبیا میں نویں (۹) جماعت کے حفاظتی ٹیکے
healthlinkbc.ca/healthlinkbc-files/grade-9-immunizations-bc
Grade 9 Immunizations

نویں (۹) جماعت کے حفاظتی ٹیکے مکمل کرنے کیلئے
patienteduc.fraserhealth.ca/permalink/655490
Grade 9 Catch-up Immunizations

HPV ویکسین کینسر سے بچاتے ہیں
immunizebc.ca/hpv

دی انفینٹس ایکٹ، نوعمر بالغوں کی رضامندی اور حفاظتی ٹیکے
healthlinkbc.ca/healthlinkbc-files/infants-act-mature-minor-consent-and-immunization
Mature Minor Consent and Immunization

**نوعمر بالغوں کی رضامندی**

19 سال سے کم عمر کے افراد جو حفاظتی ٹیکوں کے فوائد، ان کے عام ہلکے ضمنی اثرات، ویکسین نہ لگانے کی طبّی وجوہات، اور حفاظتی ٹیکے لگوانے کے بعض نہ ہونے کے برابر سنگین ضمنی اثرات، اور حفاظتی ٹیکے نہ لگنے کے خطرے کو سمجھنے کے قابل ہیں، قانونی طور پر خود، حفاظتی ٹیکوں کیلئے رضامندی یا انکار کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ نویں (۹) جماعت کا طالب علم فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا حفاظتی ٹیکے لگوانے ہیں یا نہیں۔ آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ آپ اپنے والدین یا سرپرست کے ساتھ اس پیکیج میں موجود معلومات کا جائزہ لیں اور اس پر تبادلہ خیال کریں۔ کم عمر بالغ رضامندی کے بارے میں مزید معلومات اوپر دی گئی *Infants Act, Mature Minor Consent and Immunization* HealthLinkBC File #119 میں مل سکتی ہیں۔

4. منسلک رضامندی فارم مکمل کر کے اس پر دستخط کریں۔
**براہ کرم نوٹ کریں:** رضامندی ۲ سال کے لیے کارآمد ہے جب تک کہ آپ اسے منسوخ نہیں کرتے۔
5. دستخط شدہ رضامندی کا فارم، بشمول دیگر اضافی حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ، فراہم کردہ لفافے میں بند کر کے اسکول کو واپس بھیج دیں۔

اگرآپ کے حفاظتی ٹیکوں ریکارڈ مکمل یادرست نہیں ہے

اگرآپ کو صحت عامہ سے باہر کسی دوسرے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ سے ویکسین لگے ہوں۔ مثال کے طور پر، آپ کے فیملی پریکٹیشنر یا فارمیسی، تو ہو سکتا ہے کہ ویکسین منسلک امیونائزیشن ریکارڈ میں موجود نہ ہوں:

- صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے رابطہ کریں جس نے حفاظتی ٹیکے لگائے اور حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ کی ایک کاپی طلب کریں۔
- ذیل کے کسی ایک طریقے سے صحت عامہ کو حفاظتی ٹیکوں کی اطلاع دیں:
  - اسے دستخط شدہ رضامندی کے فارم کے ساتھ شامل کر کے فراہم کردہ لفافے میں مہربند اسکول کو واپس کریں۔
  - آن لائن جمع کروائیں۔ FraserHealth.ca/immunizationform

## حفاظتی ٹیکوں کے کلینک

اگرآپ نے دستخط شدہ رضامندی کا فارم واپس کر دیا ہے تو ہم آپ کو وہ تمام حفاظتی ٹیکے لگائنگے جن کی آپ کو اسکول کے حفاظتی ٹیکوں والے کلینک کے دن ضرورت ہے۔

ہم آپ کو آپ کے حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ دیں گے۔ براہ کرم اس ریکارڈ کو گھر پر سنبھال کر رکھیں۔

## اضافی وسائل

- حفاظتی ٹیکوں کے تجربے کو مثبت بنانے کے لیے مفید تجاویز یہاں ملاحظہ کریں: ImmunizeBC.ca/how-reduce-pain-stress-and-anxiety-vaccinations-adults
- برٹش کولمبیا میں حفاظتی ٹیکوں کا شیڈول: ImmunizeBC.ca/vaccine-schedules
- فریزر ہیلتھ کے بارے میں معلومات اور حفاظتی ٹیکوں سے متعلق وسائل: FraserHealth.ca/immunize

اگرآپ کے ذہن میں سوالات ہیں، تو براہ کرم اپنے مقامی پبلک ہیلتھ آفس کو کال کریں۔

مخلص,

Dr. Lindsay Bowthorpe, MD, MPH, CCFP, FRCPC
**Medical Health Officer – Medical Director**

پبلک ہیلتھ یونٹس

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **Guildford**<br>604-587-4750 | **Cloverdale**<br>604-575-5100 | **Chilliwack**<br>604-702-4900 | **Burnaby**<br>604-918-7605 | **Agassiz**<br>604-793-7160 | **Abbotsford**<br>604-864-3400 |
| **TriCities (Port Moody)**<br>604-949-7200 | **New Westminster**<br>604-777-6740 | **Mission**<br>604-814-5500 | **Maple Ridge**<br>604-476-7000 | **Langley**<br>604-539-2900 | **Hope**<br>604-860-7630 |
| | **White Rock**<br>604-542-4000 | **South Delta**<br>604-952-3550 | **North Surrey**<br>604-587-7900 | **North Delta**<br>604-507-5400 | **Newton**<br>604-592-2000 |